(اسلامَ علیک یا نور اللہ سکینہ بنت الحسین جل جلالہ جل شانہ)



سکونِ عالمین

(فضائلِ جنابِ سیدہ سکینہ بنت الحسین جل جلالہ جل شانہ)

مولف

غلامِ علی

انجمنِ تحفظِ بنیادی عقائد شیعہ پاکستان

پیشِ لفظ

تمام تعریفیں خالقِ کائنات رازقِ عالمین رب ال ارباب مسببِ ال اسباب مولائے کُل آ قا علی ابن ابی طالب جل جلالہ جل شانہ کے لیے۔۔۔

بے شمار درود و سلام محمدؐ و آل محمدؐ کے لیے۔۔۔

مودتِ معصومینؑ ۲۔۱، بحرالفضل، مرگ بر مقصرین، مومن کا عقیدہ ،فیضانِ ولایت ، اسیرِ ناموسِ تبرا ،عقائدِ جعفریہ، ناموسِ رسالت اور مسلمان، ہے عجز بندگی کہ علیؑ کو خدا کہوں (جلد ۱)،

معراج العزا، لمحۂ فکریہ ،قندیلِ معرفت ، گنجینۂ مودت ،تذکرہ ِ حق،Blasphemy And Muslims ،فضائلِ حیدری ،عظمتِ نادعلی، جومجھ پر بیتی، معدنِ سقا ، کلماتِ حق، فصلِ ذولجلال، شمع عشق، عقیدے کی جنگ،اعتقاداتِ شیعہ، عرش اور علی اللہ جل جلالہ جل شانہ ، عجز بندگی کہ علیؑ کہ خدا کہوں (جلد ۲) ،ضامنِ توحید کے بعد''سکون عالمین'' میری تیسویں کتاب کی صورت میں بارگاہ ِ محمدوآلِ محمدؐ میں حاضر ہے۔۔۔

اس کتاب میں ہم نے کوشش کی ہے کہ جنابِ سکینہ بنت الحسین جل جلالہ جل شانہ کے بے شمار و بے حساب فضائل میں سے کچھ فضائل کو جمع کرسکیں۔۔

اس کتاب کو ترتیب دینے میں ہم نے آغا مہدی بحر العلوم کی شہرۂ آفاق کتاب سکینہ بنت الحسین جل جلالہ جل شانہ سے استفادہ کیا ہے۔۔۔

بارگاہِ محمدؐ و آل محمدؐ میں دعا گو ہوں کہ محمدؐ و آل محمدؐ ہماری اس کگوش کو اپنی بارگاہ میں قبول، منظور اور مقبول فرمایں۔۔
آمین۔۔ یا علیؑ رب العالمین۔۔

ناشرِ تبرا

غلامِ علی

شانِ سکینہ بنت الحسین جل جلالہ جل شانہ۔۔

حضرت ابوصیرؓ نے مولا امام جعفر صادق جل جلالہ جل شانہ سے جنابِ سکینہ بنت الحسین جل جلالہ جل شانہ کی شانِ بزرگی کے بارے میں دریافت کیا تو مولا صادق جل جلالہ نے فرمایا۔۔

جنابِ سکینہ بنت الحسین جل جلالہ جل شانہ عالمین کی حاکم ہیں۔۔۔ محققین کی صلوۃ ہیں۔۔ موحدین کا دین ہیں۔۔ سالکین کی رہبر ہیں۔۔۔ عارفین کا قرآن ہیں معلمین کی عالم ہیں ۔۔۔ متقین کی سردار ہیں۔۔۔ کاملین کی آقا ہیں۔۔ کعبے کی سجدہ گاہ ہیں۔۔ اللہ کا نزول ہیں۔۔۔ امامت کا ظہور ہیں۔۔۔ نبیوں کی نبوت ہیں۔۔ رسولؐ کی معراج ہیں۔۔

جنابِ فاطمۃ الزھراؑ کی صدا ہیں۔۔مولا علیؑ کی شان ہیں۔۔مولا حسنؑ کی پہچان ہیں۔۔مولا حسینؑ کی جان ہیں۔۔مولا زین العابدینؑ کی عبادت ہیں۔۔مولا محمد باقرؑ کی عزت ہیں۔۔مولا جعفر صادقؑ کی تبلیغ ہیں۔۔مولا موسیٰ کاظمؑ کی ریاضت ہیں۔۔مولا علی رضاؑ کی فضیلت ہیں۔۔مولا تقیؑ کا تقوی ہیں۔۔مولا علی نقیؑ کا شرف ہیں۔۔مولا حسن عسکریؑ کی رحمت ہیں۔۔مولا محمد مہدیؑ کے امامت ہیں۔۔جنابِ سیدہ زینبؑ کی زینت ہیں۔۔مولا ابوالفضل العباسؑ کا ایمان ہیں۔۔جناب سیدہ اُم کلثومؑ کی رِدا ہیں۔۔ مولا علی اصغرؑ ندا ہیں۔۔مولا علی اکبرؑ کی قوت ہیں۔۔مولا قاسمؑ کی لطافت ہیں۔۔تمام معصومینؑ کے لیے سکون و اطمینان ہیں۔۔

(حوالہ کتاب: سکینہ بنت الحسین، صفحہ ۱۱۷)

آیت اللہ العظمٰی رہبرِ معظم امام برحق مولا رضا جل جلالہ نے فرمایا۔۔
جناب سیدہ سکینہ جل جلالہ اللہ کی اس گرانقدر نعمت و برکت کا نام ہے
جس کو تمام انبیاؑ کی رہنمائی کے لیے نازل کیا گیا ہے۔۔مگر ان کا
مجسم نزول صرف قلبِ مولا حسین جل جلالہ پر ہوا۔اللہ نے مولا
حسین جل جلالہ کی دل کی خوشنودی اور تسکین کی خاطر اپنی سب سے
گرانقدر نعمت بی بی سکینہ جل جلالہ جل شانہ کو نازل کیا۔۔ جناب سکینہ
جل جلالہ اللہ کے تمام تر سکون اور امن کی خالق اور ضامن ہیں۔۔
دنیا میں جہاں جہاں چین، امن اور سکون دیکھو سمجھ جاو وہاں کے
رہنے والوں سے بی بی سکینہ جل جلالہ راضی ہیں اور جہاں اشتعال،
بے چینی اور اضطراب دیکھو سمجھ جاو ان سے جنابِ سکینہ جل جلالہ
ناراض ہیں۔۔ (حوالہ: خطباتِ رضوی جلد ا، صفحہ ۲۷، طبع مشہد)

کرمِ جناب سکینہ بنت الحسین جل جلالہ جل شانہ

مولا امام علی نقی جل جلالہ جل شانہ نے فرمایا۔۔۔

دریاؤں کے پانی سوکھ جاتے۔۔سمندر خشک ہو جاتے۔۔۔آسمان سیاہ پڑ جاتا۔۔زمین ٹکڑے ٹکڑے ہو جاتی۔۔آفتیں عالمین کا مقدر بن جاتیں۔۔۔عذاب کائنات پر واجب ہو جاتے۔۔تمام جاندار بے جان ہو جاتے۔۔۔مصیبتیں دنیا کا حق بن جاتیں اگر جناب سیدہ سکینہ جل جلالہ جل شانہ ہر وقت ، ہر گھڑی، ہر زمانے میں، ہر جگہ کائنات میں موجود نہ ہوتیں۔۔ جنابِ سکینہ جل جلالہ جل شانہ کی وجہ سے حیات زندہ ہے۔۔۔

(حوالہ کتاب: سکینہ بنت الحسینؑ، صفحہ ۴۱۶)

پانی کی فضیلت

مولا امام علی رضا جل جلالہ جل شانہ نے فرمایا۔۔

اے مومنوں پانی پیو تو جنابِ سکینہ جل جلالہ کا شکر ادا کیا کرو۔۔ یہ پانی جنابِ سکینہ جل جلالہ کی خلق کردہ مخلوق ہے۔۔ پانی جنابِ سکینہ جل جلالہ کے نعلینِ پاک کی خاک سے خلق ہوا ہے اور اُسی نعلینِ پاک کے صدقے میں آج بھی جاری ہے۔۔۔ پانی جنابِ سکینہ جل جلالہ کی عطا کردہ عظیم ترین نعمت ہے۔۔۔ مخلوق کی زندگی کا سبب پانی نہیں ہے بلکہ مخلوق کی زندگی کا سبب جنابِ سکینہ جل جلالہ جل شانہ کی نعلینِ پاک کا صدقہ ہے۔۔ جنابِ سکینہ جل جلالہ کی نعلینِ پاک کی خاک نے تمام مخلوقات کو زندہ رکھا ہوا ہے۔۔

(حوالہ کتاب: سکینہ بنت الحسینؑ، صفحہ ۵۸۱)

جناب سکینہ جل جلالہ جل شانہ باعث سکون عالمین

مولا امام محمد باقر جل جلالہ جل شانہ نے فرمایا۔۔

سکون، چین، اطمینان اور آرام کی پروردگار جناب سیدہ سکینہ جل جلالہ جل شانہ ہیں۔۔ عالمین میں جس کو سکون میسر ہے وہ جناب سکینہ جل جلالہ کی وجہ سے ہے۔۔۔ عالمین میں اگر کوئی چین سے رہ رہا ہے تو جنابِ سکینہ جل جلالہ کے صدقے میں رہ رہا ہے۔۔

عالمین میں اگر کسی کا نفس مطمئن ہو گیا ہے تو وہ جناب سکینہ جل جلالہ کی عطا سے ہے۔۔ عالمین میں اگر کسی کو آرام نصیب ہوا ہے تو جناب سیدہ سکینہ جل جلالہ جل شانہ کے سبب سے ہوا ہے۔۔

(حوالہ کتاب: سکینہ بنت الحسینؑ، صفحہ ۶۲)